Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

فیونرل سپورٹ پیمنٹ

فیونرل سپورٹ پیمنٹ یعنی جنازے کی امداد کی ادائیگی کیا ہے؟

یہ اسکاٹ لینڈ کے ان لوگوں کے لیے دستیاب ادائیگی ہے، جو یونیورسل کریڈٹ، ٹیکس کریڈٹ یا دیگر اہلیت کے بینفٹس یعنی مالی وظائف حاصل کر رہے ہیں، اور جنازے کے اخراجات کی ادائیگی میں مدد کے لیے معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔

اسے کون حاصل کر سکتا ہے؟

لوگ جنازے کی امداد کی ادائیگی کے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ ذیل کے تمام معیارات پر پورا اترتے ہیں:

- وہ سکاٹ لینڈ میں رہتے ہوں
- وہ یا ان کے پارٹنر کو کچھ بینفٹس یعنی مالی وظائف یا ٹیکس کریڈٹ* مل رہے ہوں
- متوفی شخص برطانیہ میں رہتا تھا
- جنازہ برطانیہ میں یا بعض حالات میں یورپی یونین، آئس لینڈ، لیکٹنسٹائن، ناروے یا سوئٹزرلینڈ میں ہو رہا ہو
- وہ شخص کی موت کے بعد، اس کے جنازے کی تاریخ کے 6 ماہ بعد تک درخواست دے رہے ہوں
- وہ یا ان کے پارٹنر جنازے کے ذمہ دار ہوں
- ان کے یا ان کے پارٹنر کے لیے جنازے کے اخراجات کی ذمہ داری قبول کرنا مناسب ہے۔

عام طور پر، متوفی شخص کے قریبی رشتہ دار کے لیے آخری رسومات کے اخراجات کی ذمہ داری قبول کرنا مناسب ہوتا ہے۔ پارٹنر، بچہ، والدین یا بہن بھائی ایک قریبی رشتہ دار ہو سکتا ہے۔ اگر آپ یا آپ کا پارٹنر قریبی رشتہ دار نہیں، تو آپ کو درخواست دیتے وقت ہمیں بتانا ہوگا کہ ذمہ داری قبول کرنا کیوں مناسب ہے۔

* یونیورسل کریڈٹ (UC)، انکم سپورٹ، انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس، انکم ریلیٹڈ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس، پنشن کریڈٹ، ہاؤسنگ بینیفٹ، چائلڈ ٹیکس کریڈٹ (CTC) اور ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کا معذوری یا شدید معذوری کا عنصر ۔

آن لائن فارم کے شروع میں اور کاغذی درخواست فارم کے صفحہ 2 پر اہلیت کی جانچ کرنے والا شامل ہے۔

ادائیگی کتنی ہے؟

فیونرل سپورٹ پیمنٹ ایک جزوی ادائیگی ہے اور اس میں جنازے کے کچھ اخراجات پورے کیے جائیں گے، لیکن ممکنہ طور پر تمام نہیں۔ یہ جنازے کے انتخاب کی انفرادی ترجیحات اور اسکاٹ لینڈ میں خدمات کے لیے مختلف فیسوں پر منحصر ہے۔

اگر اہل ہو، تو اس شخص کو جو رقم ملے گی اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ انہوں نے کیا دعویٰ کیا ہے اور وفات پانے والے شخص نے کتنا پیسہ پیچھے چھوڑا ۔

فیونرل سپور ٹ پیمنٹ احاطہ کر سکتی ہے:

- تجہیز و تدفین اور مردہ جلانے کے اخراجات (یہ اخراجات پورے ملک میں مختلف ہوتے ہیں، اس لیے ہم نے وہ مقامی اخراجات یہاں پر شائع کیے ہیں جو ہم ادا کریں گے: mygov.scot/burial-cremation-costs-scotland
- کسی دوسرے اخراجات کے لیے یکساں شرح - £1257.75 درخواستوں کی اکثریت کے لیے اور £153.50 اگر وفات شدہ شخص نے ایک فیونرل پلان کے ذریعے اپنی آخری رسومات کا انتظام کیا ہو۔
- کچھ سفری اخراجات، دستاویزات کے اخراجات اور طبی اخراجات کا۔

کتنے لوگ یہ ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں؟

1 شخص فی جنازہ۔

لوگ کیسے درخواست دیتے ہیں؟

لوگ **mygov.scot/funeralsupport** پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کر کے بذریعہ ڈاک درخواست فارم طلب کر سکتے ہیں۔

فیونرل سپورٹ پیمنٹ کے لیے درخواست دینے سے پہلے، لوگوں کو موت یا مردہ پیدائش کا اندراج کرنا چاہیے اور اپنے جنازے کے ڈائریکٹر (اگر ان کا کوئی ہو) کو اپنی درخواست کے بارے میں ہم سے بات کرنے کی اجازت دینی چاہیے - اس سے درخواست پر کارروائی میں لگنے والے وقت کو کم کیا جائے گا۔

2 درخواست فارم ہیں - ایک بچے کا درخواست فارم اور ایک بالغ درخواست فارم۔ درخواست کے فارموں کو اوپر دائیں کونے میں واضح طور پر نشان زدہ کیاگیا ہے۔ کسی نوجوان یا بچے کی آخری رسومات کا فارم کم ہی سوالات پوچھتا ہے۔

درخواست دینے کے بعد لوگوں کو اپنی ادائیگی کے لیے کتنا انتظار کرنا پڑے گا؟

لوگوں کو ہمیں ایک مکمل درخواست فارم موصول ہونے کے 10 کام کے دنوں کے اندر اندر ان تمام مطوبہ معاون ثبوتوں کے ساتھ فیصلہ موصول ہونا چاہیے جن کی ہمیں ضرورت ہے۔ اس کے بعد ان کی ادائیگی جلد ہی کی جائے گی۔

کونسے ثبوت درکار ہوں گے؟

اگر انہیں بتایا گیا کہ درخواست دیتے وقت انہیں کسی بھی سرٹیفکیٹ، رسید یا بل کی نقول بھیجنی ہوں گی، تو انہیں سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو ان کی درخواست کی جانچ مکمل کرنے سے پہلے اسے بھیجنا ہوگا۔ وہ یا تو یہ mygov.scot/uploading-your-documents پر آن لائن بھیج سکتے ہیں یا انہیں ایک پہلے سے ادائیگی شدہ لفافہ بھیجا جائے گا جو انہیں سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو واپس بھیجنا چاہیے ۔

کیا اس شخص کو یہ رقم واپس کرنے کی ضرورت ہے؟

نہیں، یہ قرض نہیں اور اسے ادا کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔ اگر مرنے والے شخص نے مالی اثاثے چھوڑے ہیں تو ہم یہ ادائیگی ان کی جائیداد سے وصول کریں گے۔

رقم کس کو ادا کی جاتی ہے؟

رقم براہ راست فرد کے منتخب کردہ مالیاتی اکاؤنٹ میں ادا کی جائے گی یا جنازے کے ڈائریکٹر کو براہ راست ادا کی جائے گی (یہ عام طور پر کلائنٹ کا ترجیحی انتخاب ہوتا ہے لیکن ہمیں ایسا کرنے کے لیے ان کی اجازت درکار ہوگی)۔

لوگ کب درخواست دے سکتے ہیں؟

لوگ اس شخص کی موت کے بعد اور جنازے کی تاریخ کے 6 ماہ بعد تک درخواست دے سکتے ہیں۔

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظہ کریں۔ **gov.scot/costoflivingsupport.** یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

COST OF LIVING SUPPORT